# 11452 ـ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق میں سب سے پہلے پیدا کیئے گئے ہیں ۔

**سوال**

کیا مسلمان کیلئے یہ جائز ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائ کرتے ہوئے یہ کہہ دے کہ اے اللہ تعالی کی سب سے پہلی مخلوق ؟ ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

محمد صلی اللہ علیہ وسلم مخلوقات میں سب سے افضل اوررتبہ کے اعتبارسے بھی سب سے اعلی وارفع ہیں لیکن وہ مخلوقات میں سےسب سے پہلے نہیں ، بلکہ اللہ تعالی جو چیز سب سے پہلے پیدا فرمائ وہ عرش ہے ، نہ تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اورنہ ہی آدم علیہ السلام ۔

اور جویہ روایت پیش کی جاتی ہے کہ ، اللہ تعالی نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نور سے پیدا کیا اور ان کا نام اپنے نام کے ساتھ ملایا ، اور جب آدم علیہ السلام کوپیدا کیااوراس میں روح ڈالی گئ تو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کانام عرش کے پاس لکھا ہوا دیکھا ۔

تو ان روایات میں سے کوئ بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم ثابت نہیں اورنہ ہی کوئ صحیح ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .